السنیۃ الانیفہ
فی

فتاوی افریقہ

اعلیٰ حضرت مولانا
شاہ محمد احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ نوریہ رضویہ۔ گلبرگ اے فیصل آباد

السنیۃ الانیفہ
فی
فتاوی افریقہ

اعلیٰ حضرت مولانا
شاہ محمد احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ نوریہ رضویہ۔ گلبرگ اے فیصل آباد
041-626046

Marfat.com

تزئین واہتمام
سیّد حمایت رسول قادری

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب---------- فتاوٰی افریقہ
مؤلف---------- اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ
کمپوزنگ---------- محمد حسین 0300-9414815
پروف ریڈنگ _____ محمد رب نواز سیالوی فاضل دار العلوم نوریہ رضویہ گلبرگ فیصل آباد

صفحات ---------- 176
تاریخ اشاعت ------ اگست ۲۰۰۴ء
تعداد ---------- 1100
مطبع ---------- اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ناشر ---------- مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد
قیمت ---------- -/80 روپے

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز
11 گنج بخش روڈ، لاہور فون: 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ
گلبرگ اے فیصل آباد فون: 626046

Marfat.com

کریمہ نے دیے۔ اب ایک پہلو پر جنت وسعادت سرمدی دوسرے طرف شقاوت وجہنم ابدی ہے جسے جو پسند آئے اختیار کرے مگر اتنا سمجھ لو کہ محمد رسول اللہ ﷺ کا دامن چھوڑ کر زید وعمرو کا ساتھ دینے والا کبھی فلاح نہ پائیگا باقی ہدایت رب العزت کے اختیار ہے بات بحمد اللہ تعالیٰ ہر ذی علم مسلمان کے نزدیک اعلیٰ بدیہیات سے تھی مگر ہمارے عوام بھائیوں کو مہریں دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے مہریں علمائے کرام حرمین طیبین سے زائد کہاں کی ہوں گی جہاں سے دین کا آغاز ہوا اور بحکم احادیث صحیحہ کبھی وہاں شیطان کا دور دورہ نہ ہوگا لہٰذا اپنے عام بھائیوں کی زیادت اطمینان کو مکہ معظمہ ومدینہ طیبہ کے علمائے کرام ومفتیان عظام کے حضور فتویٰ پیش ہوا جس خوبی وخوش اسلوبی وجوش دینی سے ان عمائد اسلام نے تصدیقن فرمائیں بحمد اللہ تعالیٰ کتاب مستطاب حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین میں گرامی بھائیوں کے پیش نظر اور ہر صفحہ کے مقابل سلیس اردو میں اس کا ترجمہ مبین احکام و تصدیقات اعلام جلوہ گر الٰہی اسلام بھائیوں کو قبول حق کی توفیق عطا فرما اور ضد ونفسانیت یا تیرے اور تیرے حبیب کے مقابل زید وعمر کی حمایت سے بچا صدقہ محمد رسول اللہ ﷺ کی و جاہت کا۔ آمین آمین آمین والحمد لله رب العلمين و افضل الصلاة واكمل السلام على سيدنا محمد واله و صحبه وحزبه اجمعين امين

الجواب: الحمد للہ محب سنت عدو بدعت حاجی اسمٰعیل میاں سلمہ نے چاروں بیہودہ ومہمل اعتراضات کے کافی جواب دیے خوب حق وصواب دیے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے اور ہمیں اور ان کو اور ہمارے سب سنی بھائیوں کو زیر لوائے حضور پرنور سید یوم النشور ﷺ محشور کرے آمین یہ سوال کیا ہے بجائے خود ایک رسالہ ہے فقیر اس کا تاریخی نام تیر اسمٰعیل در نحر اباطیل رکھتا ہے یعنی باطلوں کے سینہ میں اسمٰعیل میاں کا تیر۔ اور اس میں ایک نفیس مناسبت سیدنا اسمٰعیل علی نبینا الکریم وعلیہ الصلوۃ والتسلیم کے نام پاک سے ہے کہ وہ نبی اللہ تیر اندازی میں کمال رکھتے تھے حدیث میں ہے اِرمِ بَنِی اِسْمٰعِیْل فَاِنَّ اَبَاکُم کَانَ رَامِیًا اے اولاد اسمٰعیل تیر اندازی کرو کہ تمہارے باپ تیر انداز تھے علیہ الصلاۃ والسلام واللہ تعالیٰ اعلم۔

Marfat.com